**Q.** Who are you ?

**A.** I am a Muslim.

**Q.** Who do you call a Muslim ?

**A.** Those who believe in one Allah and believes that Muhammad Sallallahu Alaihe Wasallam is the messenger of Allah and believes that the Holy Quran is the book of Allah.

**Q.** What is the name of your religion ?

**A.** Islam.

**Q.** What is the message of Islam (Kalima) ?

**A.** 'Lailaha illallaho Muhammadur Rasoolullah' This is called the first Kalima (Kalima Tayyab).

**Q.** What is the meaning of this Kalima ?

**A.** There is no-one worthy of worship except Allah, Muhammad Sallallahu Alaihe Wasallam is the messenger of Allah.

**Q.** Who is Allah ?

**A.** Allah created humans, the sun, moon and every single creation.

**Q.** What do you call someone who does not believe in Allah ?

**A.** Whoever does not believe in Allah is an Infidel (Kafir).

**Q.** What do you call someone who associates someone equal to or partner with Allah ?





**A.** We call them Mushrik and Kafir (polytheist and infidel)

**Q.** What is wrong in being a Kafir or Mushrik ?

**A.** Allah will always be unhappy with a Kafir or Mushrik and after death they will remain in the fire or hell forever.

**Q.** Will Kafirs or Mushriks never go to paradise ?

**A.** No, never, they will remain in hell for eternity.

**Q.** Who is Muhammad Sallallahu Alaihe Wasallam ?

**A.** He is the messenger and Prophet of Allah Ta'ala. He is the highest ranking Prophet of all Prophets. He is the greatest Prophet. We are all his followers, we are from his Ummat and he is our Prophet.

**Q.** Where was our Prophet born ?

**A.** He was born in Makkah Sharif which is a city in Arabia.

**Q.** When was our Holy Prophet born ?

**A.** He was born on the 12th of Rabi-ul-Awwal (approx. 20th April 571 ad.)

**Q.** What is the name of the Holy Prophet's father ?

**A.** It is Hazrat Abdullah (May Allah be pleased

with him)

**Q.** What is the name of our Holy Prophet's mother ?

**A.** It is Hazrat Amina (may Allah be pleased with her)

**Q.** What is the names of our Holy Prohet's grandparents ?

**A.** Our Holy Prophet's grandfather's name was Abdul Muttalib and his grandmother's name (Maternal) was Wahub.

**Q.** How many years did our Holy Prophet stay alive ?

**A.** After our Holy Prophet passed away, by the power of Allah he is still alive in his holy shrine. His presence in the world was 63 years of which 53 years was spent in Makkah and 10 years in Madinah.

**Q.** On what date did our Holy Prophet pass away ?

**A.** Our Holy Prophet passed away from in front of the human eyes on the 12th of Rabi-ul-Awwal (Approx. June 12th 632 ad...)

**Q.** Where is our Holy Prophet's Holy Shrine ?

**A.** It is in Madina Sharif, which is approximately 300 km. away from Makkah Sharif.

**Q.** How is it known that Muhammad Sallallahu





Alaihe Wasallam is the Prophet of Allah Ta'ala ?

**A.** It is proven by the fact that, our Holy Prophet called people towards Islam, he performed many miracles and he gave such knowledge of the unseen (Ilm-e-ghaib) which can only be given by none other than a Prophet of Allah.

**Q.** What do you call a person who does not believe in Muhammad Mustapha Sallallahu Alaihe Wasallam as a Prophet ?

**A.** He/She is a Kafir (Infidel)

**Q.** What if someone believes in Allah Ta'ala but does not believe in the Holy Prophet Muhammad Sallallahu Alaihe Wasallam ?

**A.** The person is also a Kafir.

**Q.** What is the reason for believing in the Holy Prophet ?

**A.** The reason for believing in him is that he is a true Prophet sent by Allah Ta'ala, believe in this, believe in every word of our Holy Prophet, love him and never disrespect or speak or thing badly about him.

*****************************

**Q.** What is the Holy Quran ?

**A.** The Holy Quran is the book of Allah.

**Q.** How do we know that the Holy Quran is Allah's book ?

**A.** There has never been a book that someone could create which was anything like the Holy Quran this then proves that the Holy Quran is the book of Allah. If the Holy Quran had been written and created by someone other than Allah then it would have been easy to create something similar, which of course has not been possible.

**Q.** Who was the Holy Quran revealed to ?

**A.** It was Revealed to our Holy Prophet Muhammad Sallallaho Alaihe Wasallam.

**Q.** Was the Holy Quran revealed all at once or in parts ?

**A.** It was revealed bit by bit according to the need of the people.

**Q.** Over how long a period was the Holy Quran revealed ?

**A.** It was Revealed over 23 years.

**Q.** How was the Holy Quran Revealed ?

**A.** Hazrat Jibraeel Alaiyhissalam revealed, chapter and verses to our Holy Prophet, by the grace of almighty Allah. Our Holy Prophet memorised these passages and repeated them to the people. These people then





memorised these passages and wrote them down.

**Q.** What is preached in the Holy Quran ?

**A.** Everything is in the Holy Quran, i.e. regarding everything in all walks of life and the hereafter.

**Q.** Why was the Holy Quran Revealed ?

**A.** To show people the right way in life. So people can recognise Allah almighty and his Holy Prophet and so that they can live life in a pure way.

**Q.** Who is Hazrat Jibraeel Alaiyhissalaam ?

**A.** He is an angel who brought messages (wahi) from Allah Almighty to the Prophets.

**Q.** What are Angles ?

**A.** They are created from light (Noor), by Almighty Allah, they are neither male or female. They don't eat or drink. They worship Allah constantly. (Non Stop).

**Q.** Why are humans created ?

**A.** They are created to worship Almighty Allah.

**Q.** How do Muslims worship Allah ?

**A.** They worship Allah in the following ways :

**1)** They pray Namaz (Salat).

**2)** They fast during the month of Ramadan.

**3)** Rich Muslims offer Zakat (charity) Muslims.

**4)** They perform pilgrimage (Hajj).

**Q.** What is the best form of worship ?

**A.** Namaz (Salat) is the best form of worship.

**Q.** What is Namaz (Salat) ?

**A.** Namaz (Salat) is a form of worshipping Allah Almighty which is performed a certain way. A person praying Namaz, stands facing Qibla (Holy Ka'aba), they recite verses from the Holy Quran and bow down before Allah. They praise Allah, and they pray Durood (blessings) for our Holy prophet.

**Q.** How many times a day do we pray Namaz ?

**A.** Namaz is prayed five times a day.

**Q.** What are the names for these five Namaz ?

**A.** Fajr, Zohr, Asr, Maghrib and Isha.

**Q.** When is the Fajr Namaz prayed ?

**A.** From the break of dawn until the beginning of sunrise.

**Q.** When Zohr Namaz prayed ?

**A.** Zohr Namaz is prayed from after midday until the beginning time of Asr Namaz.

**Q.** When is Asr Namaz prayed ?

**A.** Asr Namaz is prayed from late afternoon until





sunset.

**Q.** When is Maghrib Namaz prayed ?

**A.** Maghrib Namaz is prayed from sunset, upto a maximum of One and Quarter hours.

**Q.** When is Isha Namaz prayed ?

**A.** Isha Namaz is prayed after Maghrib time has lapsed upto the beginning of Fajr time.

**Q.** What is the process called when one washes their hands, face feet and pass water over their hair ?

**A.** This process called WUZU (Ablution).

**Q.** How is Wuzu performed ?

**A.** Wuzu is performed in the following way :

**1)** Pray Bismillah then perform Miswak (a five inch wooden stick) by rubbing over your teeth if this is not available then use your index finger.

**2)** Wash both hands up to your wrists three times (first right then left).

**3)** Then perform a gargle by washing your mouth out three times (using your right hand).

**4)** Then pass water into your nose with your right hand and clean nostrils out using your left hand little finger in right nostril

and left hand thumb in left nostril, this is done three times.

**5)** Wash your face thoroughly by gathering water in both your palms (form a cup) and start at top of your forehead where hair has started to grow, round your ears and down to the bottom of your chin, this is also done three times.

**6)** Wash your right arm up to and including your elbow, and ensure water passes throught your fingers and pass your arms and not the other way round. Perform three times and do same to your left arm three times.

**7)** Perform masah (wiping) by wetting your fingers on both hands and then using three fingers (small, next and middle) on the both hands rub over your hair from forehead to back of neck. Use your index finger in each hand to clean your ears (right finger to clean right ear and left finger to clean the left ear). Use your thumbs to clean back of your ears. Clean each side of your neck by passing the back of your hand over it. This Masah is only done ONCE.

**8)** Wash your feet upto and including the





ankles making sure that water passes every gap between your toes. Perform this three times with right and then left.

**9)** Look up to the sky and pray ASHHADU AN LA'ILAHA ILLALLAHO MUHAMMADUR RASOOLULLAH and the Inna Anzalna surat.

**Q.** What is the purpose of wuzu ?

**A.** The purpose of wuzu is to ensure that you clean all parts mentioned, and it is important that you get plenty of water over the parts that you are washing.

**Q.** If a part of your body, that you are washing whilst doing wuzu gets wet, but water does not drip from that part, then does that wuzu count ?

**A.** No, if this happens wuzu will not count. As well as wetting certain parts of your body (which have been mentioned) water must drip from those parts.

*************************************

**Q.** At the time of Namaz, a man stands and calls people to prayer, what is this called ?

**A.** This called the Azaan.

**Q.** What is the method of praying the Azaan ?

**A.** Azaan is performed in the following manner

after performing ablution (wuzu). The person praying Azaan stands in a high place facing the Qibla putting both index fingers in the ears (right ear, left index finger in left ear) and praying in a loud and clear voice.

**Q.** What is the dua prayed after hearing the Azaan ?

**A.** ALLAHUMMA RABBA HAA'ZIHID DA'WAT'IT TAA'MATEWAS-SALAATIL QAA'IMAH. AATE SAYYEDINA MUHAMMADANIL WASEELATA WAL FADEELAT WADDARAJATR RAFEEAAH WAB'AS HO MAQAMAM MAHMOODA NILLAZI WA'ATTAH WARZUKNA SHAFA'ATAHO YAWMAL QIYAMAT'E INNAKA LATUKHLIFUL MI'AAD.

**Q.** A short while after Azaan, people pray something else inloud voice, what is this called ?

**A.** This is called Tasweeb and Salat.

**Q.** What are the words prayed for Tasweeb and Salat ?

**A.** There are no specific words which have been Islamic law. One can pray any words which are appropriate. These days the Durood Sharif is used quite commonly.

**Q.** Before the Namaz commences, One man





stands in the first row and prays something in loud voice. What is this called ?

**A.** This is called the Takbeer.

**Q.** What are the words for Takbeer ?

**A.** The words of Takbeer are exactly the same as the words used in Azaan.

There is only one slight difference and that is after **HAYYA ALAL FALAAH** the words **QADQAA MATIS SALAAT** are prayed twice in addition.

**Q.** When listening to the Takbeer should a person be sat down or stood up ?

**A.** Takbeer should be listened to whilst sitting down, but when the person praying HAYYA ALAL FALAH, then everyone should stand.

**Q.** What do you call a person who prays the Azaan ?

**A.** He is called a Mu'azzin.

**Q.** What do you call a person who prays the Takbeer ?

**A.** He is called the Mukabbir.

**Q.** What do you call someone who prays Namaz on their called ?

**A.** They are called a Munfarid (alone).

**Q.** When everyone prays Namaz together, what is this called ?

**A.** When people who pray Namaz toghether this is called Jamaat.

**Q.** What do you call the person who leads the Namaz ?

**A.** The person who leads the Namaz is called an Imam.

**Q.** What is the name given to those who pray behind the Imam ?

**A.** They are called Muktadee.

**Q.** How do you pray the Namaz ?

**A.** Namaz is offered in the following way :

**1)** Make an intention in your heart and preferably say it with your lips as to what Namaz you are about to pray, e.g. If you are about to pray two rakats farz of Fajr then say "I make the intention (Niyyat) to pray two rakats farz of Fajr with my face towards Ka'aba for Almighty Allah behind this Imam".

**2)** After praying niyyat, take both hands towards your ears and say "ALLAHO AKBAR" whilst saying this fold both hands underneath the naval. Make sure that the right hand is on top of the left hand underneath the naval. Make sute that the right hand is on top of the left hand.





**3)** Pray Sana, then pray Ta'awwuz, then pray Tasmeeh and after this pray Fatiha. After praying Fatiha pray Tasmeeh again (Bismillah) and then pray any Surah from the Quran (e.g. Surah Ikhlas).

**4)** Say Allah-o-Akbar and perform Rukooh (Bow down), clasping both knees firmly, recite the Tasbeeh for Rukooh at least three times. The Tasbeeh for Rukooh is 'SUBHANA RABBI'AL AZUEEM'.

**5)** After Rukooh, stand up whilst saying the Tasmeeyah. The Tasmeeyah is SAMI ALLAHO LIMAN HAMIDA. Then pray Tahmeed which is 'RABBANA LAKAL HAMD'.

**6)** Now go into the prostrate position (Sijdah) whilst saying Allaho Akbar. Sijdah must be performed the following way. Firstly both knees must touch the ground, then both hands then between your hands place your head by touching your nose then forehead. All toes of your feet must touch the ground flat. Pray the Tasbeeh whilst in Sajdah which is SUBHANA RABBIAL A'ALAA. After this you must sit up whilst saying Allaho Akbar, when in the sitting position your

right foot remain upright and left foot to lay on it's side. Whilst sitting on your left foot say Allaho Akbar and go back into sijdah for the second time.

**7)** Get up from your second sijdah whilst saying Allaho Akbar back into the standing position which was described before. In the second rakat do not pray Sunnah or Ta'awwuz, but start with Tasmeeh (Bismillah). The pray Surah Fatiha again followed by Tasmeeh. Then pray another surah, e.g. Surah Falaq. Then repeat Rukooh etc.

**8)** After the second sijdah do not stand up but remain in the sitting position. In this position pray ATTAHIYYAT then Duroode Ibrahim and DUA-e-MASOORAH.

**9)** After this turn your head towards your right shoulder and say ASSALAM-o-ALAIKUM WARAHMATULLAH. The turn your head towards your left shoulder and repeat the same thing.

**10)** Now you have completed the two rakats of Namaz, raise your hands pray the Dua which is prayed after Namaz then rub your hands over your face.





**Q.** What is the name given to the position when you stand up from rukooh ?

**A.** It is called Quwmah.

**Q.** What is the name given to the sitting position when you come out from sijdah ?

**A.** The sitting position in between the Sijdahs is called Jalsa and the sitting position when praying Attahiyyat is called Qaida.

**Q.** Should Bismillah be prayed before Attahiyyat ?

**A.** No.

**Q.** Should the Muktadee pray Ta'awwuz and Tasmeeah when he is praying behind the Imam ?

**A.** The Muktadeeh should only pray Sanah, when he is behind the Imam and then remain silent. He should not pray Ta'awwuz or Tasmeeah, neither should he pray Surah Fatiha or any other Surat.

**Q.** Should the Muktadeeh pray 'Sami Allho Liman Hamidah' when rising from Rukooh ?

**A.** No, but he should pray 'Rabbana lakal hamd' after rising from rukooh.

**Q.** After Namaz, what do people pray whilst counting on their fingers ?

**A.** They pray, Subhanallah 33 times,

Alhamdolillah 33 times and Allaho Akbar 34 times. There is a lot of sawab (reward) for praying this.

## LIVE AN ISLAMIC WAY OF LIFE

**1)** Always pray five times Namaz daily, Never look here and there when praying Namaz, pray slowly, never pray quickly.

**2)** Pray the Quran Sharif daily, treat the Holy Quran with respect, never sit in a higher place than the Quran.

**3)** Listen to what your Parents tell you, never do anything to upset them.

**4)** Respect your teacher, your teacher is in one sense ranked higher than your parents. He teaches you about life and Islam and the differences between right and wrong.

**5)** Never eat whilst you are walking and you should not eat without a Topee on your head. Before you eat you should always say 'Bismillah'. You should not eat without first washing your hands. Always eat with your right hand, never with your left hand. Don't make noises with your mouth when eating. Do not dringk milk when





eating fish. After eating pray dua.

**6)** Alway drink, water, tea etc. with your right hand. Always drink Zam Zam water and water left from wuzu standing up. You must not drink anything else standing up, it is wrong. After drinking say Alhamdolillah.

**7)** When going to the toilet do not face the Qibla. Never perform urination or excretion in front of anyone else. Always urinate in the sitting position. To urinate in a standing position is wrong and is forbidden. Never undress before going to the toilet. After you have finished what you are doing always cleanse yourself with you left hand never use your right hand. To cleanse with your right hand is wrong.



# نورانی تعلیم
## حصۂ دوم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

**سوال** ۔ آپ کون ہیں ؟

**جواب** ۔ مسلمان ۔

**سوال** ۔ مسلمان کسے کہتے ہیں ؟

**جواب** ۔ مسلمان وہ ہے جو خدا کو ایک جانے اور سرکار مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو خدائے تعالیٰ کا بھیجا ہوا نبی مانے اور قرآن شریف کو اللہ تعالیٰ کی کتاب یقین کرے ۔

**سوال** ۔ آپ کے مذہب کا نام کیا ہے ؟

**جواب** ۔ اسلام ۔

**سوال** ۔ اسلام کا کلمہ کیا ہے ؟

**جواب** ۔ اسلام کا کلمہ یہ ہے لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ



NOORANI TALIM (PART-2)

رَّسُوْلُ اللّٰہِ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) اس کا نام کلمۂ طیبہ ہے ۔

**سوال** ۔ اس کا مطلب کیا ہے ؟

**جواب** ۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور سرکار مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خدائے تعالیٰ کے رسول ہیں ۔

**سوال** ۔ خدائے تعالیٰ کسے کہتے ہیں ؟

**جواب** ۔ خدائے تعالیٰ وہ ہے جس نے ہمیں پیدا کیا ، چاند اور سورج بنایا ، زمین آسمان اور ساری دنیا کو پیدا فرمایا ۔

**سوال** ۔ جو خدائے تعالیٰ کو نہ مانے اسے کیا کہتے ہیں ؟

**جواب** ۔ اسے کافر کہتے ہیں ۔

**سوال** ۔ جو خدائے تعالیٰ کے ساتھ اور لوگوں کو بھی عبادت کے لائق سمجھے اسے کیا کہتے ہیں ؟

**جواب** ۔ اسے کافر اور مشرک کہتے ہیں ۔

**سوال** ۔ کافر اور مشرک ہونے میں کیا خرابی ہے ؟

**جواب** ۔ کافر اور مشرک سے اللہ تعالیٰ ہمیشہ ناراض رہتا ہے اور مرنے کے بعد ان کو ہمیشہ جہنم کی آگ میں رہنا پڑے گا ۔

**سوال** ۔ کیا کافر اور مشرک جنّت میں کبھی نہیں جائیں گے ؟
**جواب** ۔ نہیں ہرگز نہیں بلکہ یہ لوگ ہمیشہ جہنم میں رہیں گے ۔
**سوال** ۔ سرکارِ مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کون ہیں ؟
**جواب** ۔ خدائے تعالیٰ کے رسول ہیں ۔ سب رسولوں سے افضل ہیں ۔ ان کے مرتبہ کا کوئی نہیں ۔ ہم سب ان کی امت میں ہیں اور وہ ہمارے رسول ہیں ۔
**سوال** ۔ ہمارے رسول سرکار مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کہاں پیدا ہوئے ؟
**جواب** ۔ مکہ شریف میں پیدا ہوئے جو ملک عرب کا ایک شہر ہے
**سوال** ۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کس تاریخ میں پیدا ہوئے ؟
**جواب** ۔ ۱۲ ربیع الاول شریف مطابق ۲۰ اپریل سنہ ۵۷۱ء میں پیدا ہوئے ۔
**سوال** ۔ حضور کے والد کا نام کیا تھا ؟
**جواب** ۔ حضور کے والد کا نام حضرت عبداللہ تھا رضی اللہ تعالیٰ عنہ
**سوال** ۔ حضور کی ماں کا نام کیا تھا ؟
**جواب** ۔ حضور کی ماں کا نام حضرت آمنہ تھا ۔ (رضی اللہ تعالیٰ عنہا)





**سوال** ۔ حضور کے دادا اور نانا کا نام کیا تھا ؟
**جواب** ۔ حضور کے دادا کا نام حضرت عبدالمطلب تھا اور نانا کا نام وہب تھا ۔
**سوال** ۔ ہمارے رسول کتنے برس زندہ رہے ؟
**جواب** ۔ ہمارے رسول انتقال کے بعد خدائے تعالیٰ کی قدرت سے اپنے مزار شریف میں اب بھی زندہ ہیں ۔ ظاہری زندگی آپ کی ترسٹھ برس کی ہوئی ۔ ترپن برس کی عمر تک مکہ شریف میں رہے پھر دس سال مدینہ طیبہ میں رہے ۔
**سوال** ۔ حضور نے کس تاریخ میں وفات پائی ؟
**جواب** ۔ ۱۲ ربیع الاوّل سنہ ۱۱ھ میں وفات پائی ۔
**سوال** ۔ انتقال کے دن انگریزی تاریخ کیا تھی ؟
**جواب** ۔ جون سنہ ۶۳۲ء کی بارہ (۱۲) تاریخ تھی ۔
**سوال** ۔ حضور کا مزار مبارک کہاں ہے ؟
**جواب** ۔ مدینہ شریف میں ہے جو مکہ معظمہ سے تقریباً تین سو بیس کلومیٹر اتر ہے ۔
**سوال** ۔ یہ کیسے معلوم ہوا کہ سرکار مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

خدائے تعالیٰ کے رسول ہیں؟

**جواب** ۔ آپ نے لوگوں کو اللہ کے دین کی طرف بلایا۔ طرح طرح کے معجزے دکھائے اور غیب کی ایسی ایسی باتیں بتائیں جو رسولوں کے سوا کوئی اور نہیں بتا سکتا۔ اس سے معلوم ہوا کہ آپ اللہ کے نبی اور رسول ہیں۔ (جل جلالہ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم)

**سوال** ۔ جو ہمارے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو نہ مانے وہ کیا ہے؟

**جواب** ۔ جو ہمارے حضور کو رسول نہ مانے وہ کافر ہے۔

**سوال** ۔ جو خدائے تعالیٰ کو مانے مگر ہمارے نبی کو نہ مانے وہ کیا ہے؟

**جواب** ۔ وہ بھی کافر ہے۔

**سوال** ۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ماننے کا کیا مطلب ہے

**جواب** ۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ماننے کا یہ مطلب ہے کہ آپ کو خدائے تعالیٰ کا بھیجا ہوا سچا نبی یقین کرے آپ کی ہر بات کو حق مانے آپ سے محبت رکھے اور آپ کی



NOORANI TALIM (PART-2)

شان میں بے ادبی کا لفظ نہ بولے۔

***********

**سوال** ۔ قرآن شریف کس کی کتاب ہے؟

**جواب** ۔ قرآن شریف اللہ تعالیٰ کی کتاب ہے۔

**سوال** ۔ یہ کیسے معلوم ہوا کہ قرآن شریف اللہ کی کتاب ہے؟

**جواب** ۔ قرآن شریف کی طرح کوئی کتاب کسی سے نہیں بن سکی جس سے معلوم ہوا کہ وہ خدائے تعالیٰ کی کتاب ہے اگر کسی آدمی کی بنائی ہوئی ہوتی تو کوئی اور بھی ویسی کتاب بنا لیتا۔

**سوال** ۔ قرآن مجید کس پر اترا؟

**جواب** ۔ ہمارے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر نازل ہوا یعنی اترا۔

**سوال** ۔ پورا قرآن مجید ایک مرتبہ اترا یا تھوڑا تھوڑا؟

**جواب** ۔ تھوڑا تھوڑا لوگوں کی ضرورت کے مطابق اترتا رہا۔

**سوال** ۔ پورا قرآن مجید کتنے دنوں میں نازل ہوا؟

**جواب** ۔ تیئس سال میں۔

**سوال** ۔ قرآن مجید کیسے نازل ہوتا تھا؟

**جواب** ۔ حضرت جبرئیل علیہ السلام قرآن مجید کی سورت یا آیت

لے کر آتے اور حضور کے سامنے پڑھتے حضور اسے یاد کر کے لوگوں کو سناتے لوگ اسے یاد کر لیتے اور کسی چیز پر لکھ لیتے۔

**سوال۔** قرآن شریف میں کس چیز کا بیان ہے؟

**جواب۔** اس میں ہر چیز کا بیان ہے۔

**سوال۔** یہ کتاب کس لئے نازل ہوئی؟

**جواب۔** لوگوں کو صحیح راستہ دکھانے کے لئے نازل ہوئی تاکہ لوگ اللہ اور اس کے رسول کو جانیں اور ان کی مرضی کے موافق کام کریں۔ (جل جلالہ و صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم)

**سوال۔** حضرت جبریل علیہ السلام کون ہیں؟

**جواب۔** فرشتے ہیں، جو رسولوں کے پاس خدائے تعالیٰ کا حکم لاتے تھے۔

**سوال۔** فرشتے کیا چیز ہیں؟

**جواب۔** فرشتے اللہ تعالیٰ کی ایک نوری مخلوق ہیں۔ نہ مرد ہیں نہ عورت، نہ کچھ کھاتے ہیں نہ پیتے ہیں۔ ہر وقت خدائے تعالیٰ کی عبادت میں لگے رہتے ہیں۔





**سوال۔** انسان کس لئے پیدا کیا گیا؟

**جواب۔** اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنے کے لئے۔

**سوال۔** مسلمان اللہ تعالیٰ کی عبادت کیسے کرتے ہیں۔

**جواب۔** نماز پڑھتے ہیں، روزہ رکھتے ہیں اور مالدار مال کی زکوٰۃ نکالتے ہیں اور حج کرتے ہیں۔

**سوال۔** عبادتوں میں سب سے افضل عبادت کون ہے؟

**جواب۔** سب سے افضل عبادت نماز ہے۔

**سوال۔** نماز کیا چیز ہے؟

**جواب۔** نماز اللہ تعالیٰ کی عبادت ہے جو ایک خاص طریقے سے ادا کی جاتی ہے کہ بندہ ہاتھ باندھ کر قبلہ کی طرف کھڑا ہوتا ہے۔ قرآن شریف پڑھتا ہے۔ خدائے تعالیٰ کے سامنے جھک جاتا ہے پیشانی زمین پر رکھ دیتا ہے، اس کی بڑائی بیان کرتا ہے۔ اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر درود و سلام بھیجتا ہے۔

**سوال۔** رات اور دن میں کل کتنی مرتبہ نماز پڑھی جاتی ہے؟

**جواب۔** پانچ مرتبہ پڑھی جاتی ہے۔

**سوال۔** ان پانچ نمازوں کے نام کیا ہیں؟

**جواب** ۔ فجر۲، ظہر۴، عصر۴، مغرب۳ اور عشاء۵ ۔

**سوال** ۔ فجر کی نماز کب پڑھی جاتی ہے ؟

**جواب** ۔ صبح اجالا ہونے کے بعد سورج نکلنے سے پہلے پڑھی جاتی ہے ۔

**سوال** ۔ ظہر کی نماز کب پڑھی جاتی ہے ؟

**جواب** ۔ ظہر کی نماز دوپہر کو سورج ڈھلنے کے بعد پڑھی جاتی ہے

**سوال** ۔ عصر کی نماز کب پڑھی جاتی ہے ؟

**جواب** ۔ سورج ڈوبنے سے گھنٹہ ڈیڑھ گھنٹہ پہلے پڑھی جاتی ہے ۔

**سوال** ۔ مغرب کی نماز کب پڑھی جاتی ہے ؟

**جواب** ۔ مغرب کی نماز سورج ڈوبنے کے فوراً بعد پڑھی جاتی ہے

**سوال** ۔ عشا کی نماز کب پڑھی جاتی ہے ؟

**جواب** ۔ ڈیڑھ دو گھنٹہ رات گزرنے کے بعد پڑھی جاتی ہے ۔

************

**سوال** ۔ نماز پڑھنے کے پہلے جو ہاتھ اور منھ دھویا جاتا ہے اسے کیا کہتے ہیں ؟

**جواب** ۔ اسے وضو کہتے ہیں ۔





**سوال** ۔ کیا بغیر وضو کے نماز نہیں ہو سکتی ؟

**جواب** ۔ نہیں ہرگز نہیں ۔

**سوال** ۔ وضو کرنے کا طریقہ کیا ہے ؟

**جواب** ۔ وضو کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم پڑھو، پھر مسواک کرو۔ اگر مسواک نہ ہو تو انگلی سے دانت مل لو، پھر دونوں ہاتھوں کو گٹے تک تین بار دھوؤ۔ پہلے داہنے ہاتھ پر پانی ڈالو پھر بائیں ہاتھ پر۔ دونوں کو ایک ساتھ نہ دھوؤ۔ پھر داہنے ہاتھ سے تین بار کلی کرو پھر بائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی سے ناک صاف کرو اور داہنے ہاتھ سے تین بار ناک میں پانی چڑھاؤ۔

پھر پورا چہرہ دھوؤ یعنی پیشانی پر بال اُگنے کی جگہ سے ٹھوڑی کے نیچے تک اور ایک کان کی لَو سے دوسرے کان کی لَو تک ہر حصہ پر تین بار پانی بہاؤ۔ اس کے بعد دونوں ہاتھ کہنیوں سمیت تین بار دھوؤ۔ انگلیوں کی طرف سے کہنیوں کے اوپر تک پانی ڈالو۔ کہنیوں کی طرف سے مت ڈالو، پھر ایک بار دونوں ہاتھ سے پورے سر کا مسح کرو، پھر کانوں کا اور گردن کا ایک ایک بار

مسح کرو، پھر دونوں پاؤں ٹخنوں سمیت تین بار دھوؤ۔

**سوال:** دھونے کا مطلب کیا ہے؟

**جواب:** دھونے کا مطلب یہ ہے کہ جس چیز کو دھوؤ اس کے ہر حصہ پر پانی بہہ جائے۔

**سوال:** اگر کچھ حصہ بھیگ گیا مگر اس پر پانی نہیں بہا تو وضو ہوگا یا نہیں؟

**جواب:** اس طرح وضو ہرگز نہیں ہوگا۔ بھیگنے کے ساتھ ہر حصہ پر پانی بہہ جانا ضروری ہے۔

************

**سوال:** نماز کے وقت ایک آدمی جو کھڑے ہو کر پکارتا ہے اسے کیا کہتے ہیں؟

**جواب:** اسے اذان کہتے ہیں۔

**سوال:** اذان کا طریقہ کیا ہے؟

**جواب:** اذان کا طریقہ یہ ہے کہ وضو کرنے کے بعد کسی اونچی جگہ پر قبلہ رخ کھڑا ہو اور دونوں ہاتھ کی کلمہ کی انگلیوں کو دونوں کانوں میں ڈالے پھر بلند آواز سے ان الفاظ کو کہے۔





| | |
|---|---|
| اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ | اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ |
| اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ | اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ |
| اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ | اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ |
| حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةِ | حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةِ |
| حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ | حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ |
| اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ | لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ |

فجر کی اذان میں حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ کے بعد اَلصَّلٰوةُ خَيْرٌ مِّنَ النَّوْمِ دو بار کہے۔

**سوال:** اذان کے بعد کی دعا بتلایئے؟

**جواب:** اذان کے بعد یہ دعا پڑھی جاتی ہے۔

اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّآمَّةِ وَالصَّلٰوةِ الْقَآئِمَةِ اٰتِ سَيِّدَنَا مُحَمَّدَ نِ الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ وَالدَّرَجَةَ الرَّفِيْعَةَ وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَ نِ الَّذِيْ وَعَدْتَّهٗ وَارْزُقْنَا شَفَاعَتَهٗ يَوْمَ الْقِيَامَةِ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ۔

**سوال:** اذان کے کچھ دیر بعد پھر بلند آواز سے پکارتے ہیں اسے کیا کہتے ہیں۔

**جواب:** اسے تثویب اور صلاۃ کہتے ہیں۔

**سوال:** اس کے الفاظ کیا ہیں؟

**جواب:** اس کے لئے شرع نے کوئی الفاظ مقرر نہیں کیا ہے۔ کوئی بھی مناسب الفاظ کہہ سکتے ہیں۔ آج کل عام طور سے اس قسم کے الفاظ کہے جاتے ہیں۔

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا نَبِیَّ اللّٰہ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَاحَبِیْبَ اللّٰہ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَاخَیْرَ خَلْقِ اللّٰہ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَاعَرُوْسَ مَمْلَکَۃِ اللّٰہ

وَعَلٰی اٰلِكَ وَاَصْحَابِكَ یَاشَفِیْعَنَا یَوْمَ الْجَزَاءِ

**سوال:** نماز شروع ہونے سے پہلے ایک آدمی جو بلند آواز سے پڑھتا ہے اسے کیا کہتے ہیں؟

**جواب:** اسے تکبیر کہتے ہیں۔

**سوال:** تکبیر کے الفاظ کیا ہیں؟

**جواب:** تکبیر کے الفاظ وہی ہیں جو اذان کے الفاظ ہیں۔





فرق صرف اتنا ہے کہ حَیَّ عَلَی الْفَلَاحْ کے بعد دوبار قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃ زیادہ کر دیا جاتا ہے۔

**سوال:** تکبیر بیٹھ کر سننا چاہئے کہ کھڑے ہو کر؟

**جواب:** بیٹھ کر سننا چاہئے پھر جب تکبیر کہنے والا حَیَّ عَلَی الْفَلَاحْ پر پہونچے تو سب کو کھڑے ہو جانا چاہئے۔

**سوال:** اذان کہنے والے کو کیا کہتے ہیں؟

**جواب:** اذان کہنے والے کو مؤذّن یا بانگی کہتے ہیں۔

**سوال:** تکبیر کہنے والے کو کیا کہتے ہیں؟

**جواب:** مکبّر کہتے ہیں۔

**سوال:** اکیلے نماز پڑھنے والے کو کیا کہتے ہیں؟

**جواب:** اکیلے نماز پڑھنے والے کو مُنْفَرِد کہتے ہیں۔

**سوال:** جو نماز سب لوگ مل کر پڑھتے ہیں اسے کیا کہتے ہیں؟

**جواب:** اسے جماعت کی نماز کہتے ہیں۔

**سوال:** پڑھانے والے کو کیا کہتے ہیں؟

**جواب:** پڑھانے والے کو امام کہتے ہیں۔

**سوال:** جو لوگ پیچھے رہتے ہیں انھیں کیا کہتے ہیں؟

**جواب** ۔ انھیں مقتدی کہتے ہیں ۔

**سوال** ۔ نماز پڑھنے کا طریقہ کیا ہے ؟

**جواب** ۔ نماز پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ جو نماز پڑھنی ہے پہلے دل میں اس کی نیت کرو اور نیت کے الفاظ زبان سے کہہ لو تو بہتر ہے ۔ مثلاً فجر کی فرض نماز پڑھنی ہے تو یوں کہو ۔

**نیت** نیت کی میں نے دو رکعت نماز فجر فرض کی واسطے اللہ تعالیٰ کے منہ میرا کعبہ شریف کی طرف پھر دونوں ہاتھ کانوں تک لے جاؤ اور اللہ اکبر کہتے ہوئے واپس لاؤ اور ناف کے نیچے باندھ لو ۔ داہنا ہاتھ اوپر رکھو اور بایاں ہاتھ اس کے نیچے رہے پھر ثنا پڑھو ۔

**ثنا** سُبْحٰنَكَ اَللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ پھر تعوذ پڑھو ۔

**تعوّذ** اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ط
پھر تسمیہ پڑھو ۔

**تسمیہ** بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
پھر سورۂ فاتحہ پڑھو ۔





**سُورَہ فاتحہ** اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۝ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝ سورۂ فاتحہ کے آخر میں آہستہ آمین کہو ، پھر تسمیہ یعنی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر کوئی سورۃ پڑھو مثلاً ۔

**سورۂ لہب** تَبَّتْ يَدَآ اَبِيْ لَهَبٍ وَّتَبَّ ۝ مَآ اَغْنٰى عَنْهُ مَالُهٗ وَمَا كَسَبَ ۝ سَيَصْلٰى نَارًا ذَاتَ لَهَبٍ وَّامْرَاَتُهٗ ۝ حَمَّالَةَ الْحَطَبِ ۝ فِيْ جِيْدِهَا حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ ۝ پھر اللہ اکبر کہتے ہوئے رکوع میں جاؤ یعنی جھک کر گھٹنوں کو ہاتھوں سے مضبوط پکڑ لو ۔ پھر کم سے کم تین بار رکوع کی تسبیح پڑھو ۔

**رکوع کی تسبیح** سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ ۔ پھر تسمیع کہتے ہوئے سیدھے کھڑے ہو جاؤ ۔

**تسمیع** ۔ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ ۔ پھر کھڑے رہنے کی

حالت میں ایک بار تحمید کہو۔

**تحمید** رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ۔ پھر اللہ اکبر کہتے ہوئے سجدہ میں چلے جاؤ۔ اس طرح کہ پہلے گھٹنے زمین پر رکھو۔ پھر ہاتھ پھر دونوں ہاتھوں کے بیچ میں ناک پھر پیشانی رکھو۔ اور دونوں پاؤں کی سب انگلیوں کے پیٹ زمین پر جمائے رکھو۔ اور کم سے کم تین بار سجدہ کی تسبیح پڑھو۔

**سجدہ کی تسبیح** سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی۔ پھر تکبیر یعنی اللہ اکبر کہتے ہوئے اٹھو، داہنا پاؤں کھڑا رکھو۔ اور بایاں پاؤں بچھا کر اس پر خوب سیدھا بیٹھ جاؤ پھر اسی طرح دوسرا سجدہ کرو۔ اب ایک رکعت پوری ہوگئی۔ دوسری رکعت کے لئے تکبیر کہتے ہوئے کھڑے ہو جاؤ اس رکعت میں ثنا اور تعوذ نہ پڑھو بلکہ صرف تسمیہ یعنی بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھنے کے بعد سورۂ فاتحہ پڑھو اور تسمیہ پڑھ کر کوئی سورۃ ملاؤ مثلاً۔

**سُورۂ اخلاص** قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ





كُفُوًا اَحَدٌ ۝ اب پہلی رکعت کی طرح رکوع اور سجدے کرو۔ دوسرے سجدے سے فارغ ہو کر بیٹھ جاؤ پھر تشہد اور دُرود شریف پڑھو۔ بسم اللہ نہ پڑھو۔

**تشہّد** اَلتَّحِیَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوٰتُ وَالطَّیِّبٰتُ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّهَا النَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِیْنَ۔ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ۔

**دُرُودُ شریف** اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی سَیِّدِنَا اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا اِبْرَاهِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰی سَیِّدِنَا اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا اِبْرَاهِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝۔ پھر اس طرح کی کوئی دعا پڑھو۔

**دُعَا** اَللّٰهُمَّ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝۔

اس کے بعد داہنے کندھے کی طرف منہ کر کے اَلسَّلَامُ

عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ کہو پھر بائیں طرف بھی اسی طرح کہو۔ یہ دو رکعت پوری ہوگئی اب ہاتھ اٹھا کر یوں دعا کرو۔

## نماز کے بعد کی دعا

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ وَاِلَيْكَ يَرْجِعُ السَّلَامُ فَحَيِّنَا رَبَّنَا بِالسَّلَامِ وَاَدْخِلْنَا دَارَ السَّلَامِ وَتَبَارَكْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَيْتَ يَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ۔

اس دعا سے فارغ ہو کر دونوں ہاتھ منہ پر پھیر لو۔

**سوال** ۔ رکوع سے اٹھ کر کھڑے ہونے کی حالت کو کیا کہتے ہیں؟

**جواب** ۔ قَوْمَہ کہتے ہیں۔

**سوال** ۔ سجدہ سے اٹھ کر بیٹھنے کی حالت کو کیا کہتے ہیں؟

**جواب** ۔ دونوں سجدے کے درمیان بیٹھنے کی حالت کو جلسہ کہتے ہیں اور تشہد پڑھنے کے لئے بیٹھنے کو قعدہ کہتے ہیں۔

**سوال** ۔ اَلتَّحِيَّاتُ کے شروع میں بسم اللہ پڑھنا چاہئے یا نہیں؟

**جواب** ۔ اَلتَّحِيَّاتُ کے شروع میں بسم اللہ نہیں پڑھنا چاہئے۔

**سوال** ۔ مقتدی امام کے پیچھے تعوذ اور تسمیہ پڑھے یا نہ پڑھے؟

**جواب** ۔ مقتدی امام کے پیچھے صرف ثنا پڑھ کر خاموش کھڑا





رہے تعوذ اور تسمیہ نہ پڑھے اور نہ کسی رکعت میں سورۂ فاتحہ اور سورۃ پڑھے۔

**سوال** ۔ مقتدی سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ پڑھے یا نہ پڑھے؟

**جواب** ۔ مقتدی سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ نہ پڑھے بلکہ رکوع سے کھڑا ہو کر صرف رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ پڑھے۔

**سوال** ۔ نماز کے بعد انگلیوں پر گن کر کیا پڑھتے ہیں؟

**جواب** ۔ ۳۳ بار سُبْحَانَ اللّٰهُ ۳۳ بار اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ اور ۳۴ بار اَللّٰهُ اَكْبَرُ پڑھتے ہیں۔ اس کے پڑھنے میں بہت زیادہ ثواب ہے۔

# اسلامی آداب

① پانچوں وقت نماز پڑھا کرو۔ نماز پڑھنے میں اِدھر اُدھر نہ دیکھو اور نماز اطمینان سے پڑھو جلدی جلدی نہ پڑھو۔

② قرآن شریف روزانہ پڑھا کرو۔ قرآن شریف کا ادب کرو اس سے اونچی جگہ پر نہ بیٹھو۔

③ ماں باپ کا کہنا مانو، ان کا ادب کرو انھیں خفا نہ ہونے دو۔

④ استاذ کا ادب کرو، استاذ ماں باپ سے بڑھ کر ہیں۔ وہ تمہیں دین و مذہب کی باتیں بتاتے رہیں اور بھلے بُرے کی تمیز سکھاتے رہیں۔

⑤ چلتے پھرتے کوئی چیز نہ کھاؤ۔ ننگے سر کھانا بُرا ہے کھانے سے پہلے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھو، بغیر ہاتھ دھوئے کھانا نہ کھاؤ۔ داہنے ہاتھ سے کھاؤ بائیں ہاتھ سے کوئی چیز نہ کھاؤ۔ کھانے میں چپڑ چپڑ کی آواز نہ پیدا کرو۔ ایک وقت میں



NOORANI TALIM (PART-2)

دودھ اور مچھلی نہ کھاؤ۔ کھانے سے فارغ ہو کر یہ دعا پڑھو۔
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَكَفَانَا وَجَعَلَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ؕ

⑥ پانی اور چائے وغیرہ کوئی چیز بائیں ہاتھ سے نہ پیو۔ ہمیشہ داہنے ہاتھ سے پیو۔ وضو کا بچا ہوا پانی اور آب زم زم کھڑے ہو کر پینا چاہیئے۔ باقی پانیوں کو کھڑے ہو کر پینا بُرا ہے۔ پینے کے بعد اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ کہو۔

⑦ قبلہ کی طرف منھ یا پیٹھ کر کے پاخانہ پیشاب نہ کرو لوگوں کے سامنے پاخانہ پیشاب نہ کرو۔ بلکہ کسی چیز کی آڑ میں کرو۔ بیٹھ کر پیشاب کرو۔ کھڑے ہو کر پیشاب کرنا بُرا ہے۔ لوگوں کے سامنے گھٹنا کھول کر پیشاب کے لئے نہ بیٹھو۔ پاجامہ کا ازار بند کھول کر پیشاب کرو، پاجامہ کے پائچہ سے پیشاب نہ کرو پیشاب کرتے وقت یا پاخانہ پھرتے وقت کسی سے بات نہ کرو۔ پاخانہ پیشاب کے مقام کو بائیں ہاتھ سے دھوؤ داہنے ہاتھ سے دھونا بُرا ہے۔

# دُعائے قنوت اور اسلامی کلمے

**دُعائے قنوت**

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْتَعِیْنُکَ وَنَسْتَغْفِرُکَ وَنُؤْمِنُ بِکَ وَنَتَوَکَّلُ عَلَیْکَ وَنُثْنِیْ عَلَیْکَ الْخَیْرَ وَنَشْکُرُکَ وَلَا نَکْفُرُکَ وَنَخْلَعُ وَنَتْرُکُ مَنْ یَّفْجُرُکَ اَللّٰھُمَّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَلَکَ نُصَلِّیْ وَنَسْجُدُ وَاِلَیْکَ نَسْعٰی وَنَحْفِدُ وَنَرْجُوْ رَحْمَتَکَ وَنَخْشٰی عَذَابَکَ اِنَّ عَذَابَکَ بِالْکُفَّارِ مُلْحِقٌ ط

**اول کلمۂ طیبہ**

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم)

**دوسرا کلمۂ شہادت**

اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ۔

**تیسرا کلمۂ تمجید**

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ط

**چوتھا کلمۂ توحید**

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَھُوَ





حَیٌّ لَّا یَمُوْتُ بِیَدِہِ الْخَیْرُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ط

**پانچواں کلمہ ردّ کفر**

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ اَنْ اُشْرِکَ بِکَ شَیْئًا وَّاَنَا اَعْلَمُ بِہٖ وَاَسْتَغْفِرُکَ لِمَا لَا اَعْلَمُ بِہٖ تُبْتُ عَنْہُ وَتَبَرَّاْتُ مِنَ الْکُفْرِ وَالشِّرْکِ وَالْمَعَاصِیْ کُلِّھَا وَاَسْلَمْتُ وَاٰمَنْتُ وَاَقُوْلُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم)

**ایمان مجمل**

اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ کَمَا ھُوَ بِاَسْمَآئِہٖ وَصِفَاتِہٖ وَقَبِلْتُ جَمِیْعَ اَحْکَامِہٖ۔

**ایمان مفصّل**

اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ وَمَلٰٓئِکَتِہٖ وَکُتُبِہٖ وَرُسُلِہٖ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَالْقَدْرِ خَیْرِہٖ وَشَرِّہٖ مِنَ اللّٰہِ تَعَالٰی وَالْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ۔

---

تمت بعونہ تعالیٰ ثم بعون رسولہ الاعلیٰ جل جلالہ و صلی اللہ علیہ وسلم

جلال الدین احمد امجدی

۲۰ ؍ رجب المرجب ۱۳۸۹ھ مطابق ۳ ؍ اکتوبر ۱۹۶۹ء

---

اب نورانی تعلیم حصہ سوم پڑھیے۔